[ AS INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**Bill**

*To Establish the Pakistan Examination Board*

**WHEREAS** it is desirable and expedient in the national interest to aspire to standards of excellence in the field of educational examinations and in persons of such objective to draw upon all available resources;

**AND WHEREAS** it is expedient to considers it important to offer the people of Pakistan more educational options and to improve the school and college examination system and bring it in conformity with the best international practices of conduct examinations, affiliate educational institutes, grant recognition to such institutes, develop skillful community to provide opportunities to the children and young population of Pakistan;

**AND WHEREAS** Pakistan Examination Board is committed to the improvement of education inPakistan and aboard and thus possess the requisite insight, expertise and experience in the provision of education including all administrative matters connected therewith;

It is hereby enacted as follows:-

**1. Short title and commencement.**- (1) This Act shall be called the Pakistan Examination Board Act, 2024.

(2) It shall come into force at once.

**2. Definitions.**- In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context,

(a) "Board of Governors" or "BoG" means the Board of Governors constituted under this Act;

(b) "Chairman" means Chairman of the Examination Board ;

(c) "College" means an institution within the jurisdiction of the Examination Board and affiliated, registered or recognized by it for Intermediate Education, and includes a college having intermediate and degree classes and affiliated to a University for the degree classes ;

(d) "Committee" means committees constituted under this Act ;

(e) "Examination Board" means the Pakistan Examination Board established under this Act ;

(f) "Head of an institution" means the principal of a college or the headmaster / headmistress of a school ;

(g) "Headmaster" and "headmistress" include the principal of a school ;

(h) "Institution" means a college or a school ;

(i) "Intermediate education" means education pertaining to class XI and class XII;

(j) "Prescribed" means prescribed by regulations ;

(k) "President" means the President of the BoG appointed under this Act;

(l) "Principal" means head of a college ;

(m) "Affiliated" means affiliated by the Examination Board ;

(n) "School" means an institution within the jurisdiction of the Examination Board and affiliated or registered or recognized by it only for imparting Secondary education or school level education;

(o) "Regulations" means regulations made under this Act ;

(p) "Secondary education" means education pertaining to class IX and class X and such other classes as may be declared by the Federal Government to be classes of Secondary education ; and

(q) "Secretary" means Secretary of the Examination Board.

**3. Constitution of the Examination Board.**- (1) The Board of directors shall, as soon as may be after the commencement of this Act, constitute an Examination Board to be known as the Pakistan Examination Board.

(2) The Examination Board shall be an autonomous body having perpetual succession and a common seal with powers to acquire, hold and dispose of property, both movable and immovable, and shall by the aforesaid name sue and be sued.

(3) All policies matters and actions under sub-section (2) shall be subject to approval of the Board of Directors

**4. Powers and functions of the Examination Board.**– (1) Subject to the other provisions of this Act, the Examination Board shall have power to organize, conduct, regulate, develop and control intermediate, secondary or any school level examination.

(2) In particular, and without prejudice to the generality of the foregoing power, the Examination Board shall have the power to-

(a) conduct the examination in English, Urdu and such other languages as the Examination Board may prescribe;

(b) hold and conduct examinations pertaining to Intermediate education or Secondary education or any other examination at school level;

(c) prescribe courses of instruction for examinations conducted by the Examination Board, provided that the Examination Board may prescribe different courses of instruction for different classes of institutions ;

(d) admit candidates to the examinations conducted by it and prescribe the conditions for admission to such examinations ;

(e) affiliate institutions in Pakistan or outside Pakistan:

Provided that, in the case of a Government institution, such affiliation shall not be withheld without the prior approval of the Federal Government/ provincial Govt.

(f) conduct, control and regulate the examinations held at the Intermediate education and Secondary education or any other certificate or diploma level in Pakistan by foreign agencies, professional institutions or bodies or entities ;

(g) withdraw affiliation if it is satisfied after inspection carried out under clause (i) that the standards of management and instruction in an institution justify withdrawal;

(h) fix, charge and receive such fees as may be prescribed ;

(i) cause an inspection to be made by such person or persons as the Examination Board may nominate of affiliated institutions or institutions applying for affiliation;

(j) carry, hold and conduct examinations pertaining to health, pharmacy or any other skills or professionals, allied health courses, recruitments, human resources and technical education;

(k) adopt measures to promote the physical and moral well-being of students of affiliated and registered institutions, and supervise their residence, health and discipline;

(l) organize and provide lectures, demonstrations, educational exhibitions and take such other measures as are necessary to promote the standards of Intermediate education and Secondary education ;

(m) institute and award scholarships, medals and prizes subject to such conditions as may be prescribed and to accept endowments for the same subject to such conditions as the Examination Board may deem fit;

(n) prescribe text-books or other books study and to arrange for publication of such text-books or other books;

(o) regulate the imposing of penalties for misconduct of students, teachers, examiners and examinees ;

(p) prescribe qualifications for the appointment of teachers in the institutions affiliated by the Examination Board;

(q) submit to the Federal Government its views on any matter with which it is concerned or which the Federal Government or any Provincial Government or a educational institution may refer to it for its advice;

(r) enter into and carry out contracts in exercise of its powers and in the performance of its duties under this Act and the regulations ;

(s) regulate and decide all administrative matters including the creation and abolition of posts under the Examination Board ;

(t) appoint such officers and staff as it may consider necessary for the performance of its functions and to define their duties and conditions of service ;

(u) make provision for buildings, premises, furniture, apparatus, books and other means required for carrying out the purposes of this Act ;

(v) do all the acts, deeds and things to secure national and international recognition of the certificates;

(w) sanction or incur such expenditure as may be necessary for carrying out the purposes of this Act ; and

(x) do all other acts necessary for carrying out the purposes of this Act

(3) The Examination Board may delegate any of its powers to the Chairman PEB or any officer of the Examination Board or to a committee or sub-committee appointed by it.

(4) The general direction in all matters of policies, plans, programs, projects and scheme. submitted by the Chairman of the Examination Board and administration of the Examination board and its affairs shall vest in the Board of directors.

**5. Jurisdiction of the Examination Board.-** ( 1 ) The Examination Board shall exercise the powers conferred on it by or under this Act in respect of the institutions within the country and such states including territories, not forming part of a Province, institutions established by Pakistan Missions or citizens of Pakistan in foreign countries and all other educational institutions desirous to seek affiliation and registration with the Examination Board from within the country and from abroad and such institutions located within the jurisdiction of Cantonment Boards constituted under the Cantonments Act, 1924 (II of 1924), as seek affiliation or registration of the Examination Board.

(2) The certificate or diplomas issued by the Examination Board shall not require equivalence from any board, commission or organization in Pakistan.

**6. Composition of the Board of Governors .-** (1) The Board of Governors shall consist of a President, nominated by BoD one out of BoD members, and other members, including a representative of the Ministry of Federal Education and Professional Training not below the rank BS 20, appointed on such terms and conditions as may be determined by the BoD:

Provided that the ex-officio members shall be nominated by the Ministry of Federal Education and Professional Training.

(2) The over all control, direction and the superintendence of the affairs of the BoG shall vest in the board of directors which may exercise all powers, perform all functions and do all acts which may be exercised, performed or done by the BoG.

**7. Powers and Functions of BoG.-** The BoG shall be responsible for providing policy directions and general guidelines to the Examination Board, for effectively carrying out the purposes envisioned under this Act. In particular and without prejudice to the foregoing, the BoG shall-

(a) monitor and review the functioning of the Examination Board;

(b) issue guidelines to the Examination Board, as per the applicable policy regime under this Act;

(c) institute appropriate accountability and oversight mechanisms to ensure effective discharge of Examination Board's functions under this Act;

(d) approve budget of the Examination Board and ensure effective utilization thereof;

(e) advise and recommend to the Federal and Provincial Governments on policy issues as well as other matters pertaining to the examination sector;

(f) establish liaison between the respective governments as well as departments, bodies and instrumentalities thereof; and

(g) carry out other functions ancillary thereto, or connected therewith, for the purposes of this Act.

**8. Members of Board of Governors .-** (1) Unless the Board of directors, being of the opinion that it is necessary in the public interest so to do, removes a member from office, other than an *ex -officio* member, shall hold office for a period of three years from the date of his election or nomination, as the case may be.

(2) No *ex-officio* member shall continue to be a member if he ceases to hold the office by virtue of holding which he was appointed.

(3) Any casual vacancy in the office of a member, other than an *ex-officio* member, shall be filled by election or nomination, as the case may be and the person so elected or nominated shall hold office for the unexpired period of the term of his predecessor.

(4) Any member of the Board of governors may, by writing under his hand addressed to the President, resign his office, provided that the resignation shall not have effect until it is accepted by the President.

(5) A member shall, on the expiry of his term of office, be eligible for re-election or re-nomination.

**9. Meeting of BoG.-** (1) The meetings of the BoG shall be held in such manner and at such time as may be prescribed :

Provided that, until regulations are made in this behalf, such meetings shall be called by the President, and quorum for meeting shall be one third of total members.

(2) No act or proceedings of the BoG shall be invalid merely on the ground of the existence of a vacancy in or defect in the constitution of, the BoG.

(3) In case of Absence, of President, nominee of president/ BOD will chair the meeting

**10. Power of the Federal Government.** (1) The Federal Government shall have the power to cause inspection to be made by such person or persons as it may direct, of the offices, activities and funds of, and all the examinations conducted by, the Examination Board and to cause an inquiry to be made in like manner in respect of any matter concerning the Examination Board.

(2) The Federal Government shall communicate to the Examination Board the result of such inspection or inquiry and may advise the Examination Board to take such actions and within such period as may be specified.

(3) The Examination Board shall report to the Federal Government the action it proposes to take or has taken on such communication.

(4) Where the Examination Board does not, within six-month time, take action to the satisfaction of the Federal Government, the Federal Government may, after considering any explanation made by the Examination Board, issue such directions as it thinks fit and the Chairman shall comply with such directions.

**11. Officers of the Examination Board.-** The following shall be the officers of the Pakistan Examination Board, namely:-

(i) The Chairman

(ii) The Secretary

(iii) Such other officers as may be appointed by the BoG

**12. Appointment powers and duties of the Chairman.-** (1) There shall be a Chairman of the Examination Board who through majority voting, be elected by the board of directors of the Yaamal Medical and Nursing Institute (Private) Limited incorporated under the company law, on such terms and conditions as may be determined by the Board of Director means the Board of Directors of Yaamal Medical and Nursing Institute (Private) Limited for the purpose of this Act.

(2) The Chairman shall hold office for a term of three years but shall be eligible for reappointment:

Provided that, notwithstanding the expiry of the term of his office, he shall continue to hold office until his successor is appointed and enters upon his office:

Provided further the Board of Directors may remove anytime the Chairman on any grounds such as of misconduct, inefficiency or financial corruption/embezzlement in the prescribed manner.

(3) If at any time the office of Chairman is vacant, or he is unable to perform his functions, temporarily or otherwise, by reason of leave, illness or other cause for a period not exceeding one year, the BoD shall make such arrangements for carrying on the duties of the Chairman as it may think fit, and until such arrangements are made, the Secretary shall perform the duties of the Chairman.

(4) It shall be the duty of the Chairman to ensure that the provisions of this Act and the regulations are faithfully observed, and he shall exercise all powers necessary for this purpose.

(5) If an emergency arises out of the administrative business of the Examination Board which, in the opinion of the Chairman, requires that immediate action should be taken, the Chairman may take such action as he deems necessary and shall report the action taken to the BoG in its next meeting for approval.

(6) The Chairman shall exercise such other powers as may be prescribed.

**13. Appointment, powers and duties of the Secretary.-** (1) The Secretary shall be appointed by the Board of Director on such terms and conditions and for such period as may be prescribed.

(2) The Secretary shall, subject to the control of the Chairman, be the chief administrative officer of the Examination Board, shall be responsible for ensuring that the orders of the BoG and the Chairman are carried out and shall execute all contracts for and on behalf of the Examination Board.

(3) The Secretary shall be responsible for ensuring that all moneys are expended on the purpose for which they are granted or allotted and for preparing and submitting to the BoG for approval an annual statement of accounts and budget estimates.

(4) The Secretary shall exercise such other powers as may be prescribed.

**14. Appointment and constitution of committees.** (1) The Examination Board shall appoint Committees

of Courses, a Finance Committee and such other committees as it may deem necessary for the proper execution of its business.

(2) Each committee shall consist of members of the Examination Board and of such other persons, if any, as the Examination Board, in each case, may think fit to appoint.

(3) A committee may, subject to the approval of the Chairman, co-opt persons if the committee so requires for appropriate decision.

(4) The term of office of a member of a Committee co-opted under sub-section (3) shall be one year from the date of co-option:

Provided that a person co-opted in his capacity as a member of a particular body or as the holder of a particular appointment shall hold office only for so long as he is a member of that body or the holder of that appointment, as the case may be.

**15.Fund.**- The Examination Board shall have a fund to which shall be credited all income of the Examination Board, including income from fees, endowments, grants and contributions.

**16.Annual audit and accounts.** - (1) The accounts of the Board shall be maintained in such form and manner as may be determined by the Board of Governors and shall be audited each year within six months of the closing of the financial year of the Examination Board by an independent Chartered Accountant appointed by the Board.

(2) The auditor's report shall certify that the auditor has complied with the standards of audit and certification laid down by the Institute of Chartered Accountants of Pakistan.

**17. International cooperation.**— The Examination Board may upon receipt or may enter into memorandum of understanding or on request, extend such cooperation to any foreign educational Board or entity or any international organization or agency for the purposes of verification, attestation, conduct of examination, issuance of certificates, diplomas, or anything incidental or ancillary thereto.

**18.Powers of the Board to make regulations.** - (1) The BoG may with previous approval of the BoD make regulations for carrying out the purposes of this Act.

(2) In particular, and without prejudice to the generality of the foregoing power, the regulations may provide for all or any of the following matters, namely: - —

(a) the procedure for the conduct of, and the number of members required to form a quorum at, meetings of the Board and the committees ;

(b) the conduct of examinations, including the appointment of examiners and their duties, powers and remuneration ;

(c) grievances redressal mechanism and appeal procedure in relation of examination, enrollment and marking etc;

(d) the conditions for admission of candidates to the examinations held by the Examination Board and their eligibility for diplomas, certificates and titles ;

(e) the conditions for the affiliation of institutions and the withdrawal of affiliation;

(f) the courses of study to be followed in the institutions imparting Intermediate education or Secondary education or education for other examinations conducted by the Examination Board;

(g) the institution of scholarships and prizes;

(h) the election and co-option of members of the Board and its committees ;

(i) the constitution, powers and duties of committees ;

(j) the appointment of employees of the Examination Board and the conditions of their service ;

(k) the constitution of a provident fund for the benefit of the employees of Examination Board ; and

(l) such other matters as may be necessary for giving effect to the provisions of this Act.

**19. Act to override other laws.**- The provisions of this Act shall have effect notwithstanding anything to the contrary contained in any other law for the time being in force and any such law shall, to the extent of inconsistency, cease to have any effect on the commencement of this Act.

**20. Provident fund.**– (1) The Examination Board may create a provident fund for the benefit of its employees, in accordance with the provisions of the Provident Funds Act, 1925 (XIX of 1926).

(2) The salary or their remunerations of the employees of Examination Board shall be determined on such terms and conditions as may be prescribed.

**21. Indemnity.**-- No suit, prosecution, or other legal proceedings shall lie against any person for anything done or intended to be done in good faith under this Act or any regulations made thereunder.

**22. Removal of difficulties.**–If any question arises as to the interpretation of any of the provisions of this Act, it shall be placed before the board of directors whose decision thereon shall be final.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

It is considered necessary to establish an examination board in the name of the Pakistan Examination Board (PEB) which will have jurisdiction over all the schools and colleges affiliated, registered and recognized by the Pakistan Examination Board and located in Pakistan or outside established by the Missions or citizens of Pakistan in foreign countries and such other institutions located within the jurisdiction of the Cantonment Boards as seek recognition of the Board. The Bill aims to have a board of international standard to provide and conduct examinations on pattern of international standards and the certificate or diplomas issue by the Examination Board will be recognized worldwide where equivalence requirements will be dispensed.

Whereas to align the examination standards according to requirements of professional colleges entry tests, aptitude tests for further professional degree programs.

To save foreign reserve and avoid flow of money from the country abroad by arranging examination of international standards, as number of local students appearing every year in examinations of foreign affiliated institutions or assessment examination.

2. The Bill have been designed to achieve the aforesaid object.

**Sd/-**
**RANA MUHAMMAD QASIM NOON**
Member National Assembly

[قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں]

# پاکستان امتحانی بورڈ کے قیام کے لئے احکام وضع کرنے کا

# بل

چونکہ قومی مفاد میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے تعلیمی امتحانات کے شعبہ میں بہترین معیارات اور اس مقصد کے حامل افراد کا حصول ضروری اور قرین مصلحت ہے؛

اور چونکہ یہ قرین مصلحت ہے کہ پاکستان کے لوگوں کو زیادہ تعلیمی مواقع پیش کرنا اور اسکولوں اور کالجوں کے امتحانی نظام کو بہتر کرنا نیز اسے امتحانات کے انعقاد کے بہترین بین الاقوامی طریقوں کے مطابق ڈھالنا، تعلیمی اداروں کا الحاق کرنا، ایسے اداروں کو تسلیم کرنا، پاکستان کے بچوں اور نوجوانوں پر مشتمل آبادی کو مواقع فراہم کرنے کے لئے ہنر مند کمیونٹی تیار کرنا ضروری خیال کیا جائے؛

اور چونکہ پاکستان امتحانی بورڈ پاکستان اور بیرون ملک تعلیم کو بہتر کرنے کے لئے پُر عزم ہے اور اس سے منسلک تمام انتظامی امور سمیت تعلیم کی فراہمی میں مطلوبہ صلاحیت، مہارت اور تجربہ رکھتا ہے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان وآغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا پاکستان امتحانی بورڈ ایکٹ، ۲۰۲۴ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **تعریفات۔** ایکٹ ہذا میں تاوقتیکہ موضوع یا سیاق وسباق میں کوئی چیز متضاد ہو،۔

(الف) ''بورڈ آف گورنرز'' یا ''بی او جی'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت تشکیل دیا گیا بورڈ آف گورنرز ہے؛

(ب) ''چیئر مین'' سے مراد امتحانی بورڈ کا چیئر مین ہے؛

(ج) ''کالج'' سے مراد انٹر میڈیٹ تعلیم کے لئے امتحانی بورڈ کے اندر اور اس کی جانب سے الحاق شدہ، رجسٹرڈ اور تسلیم شدہ ادارہ ہے اور اس میں انٹر میڈیٹ اور ڈگری کلاسز کا حامل اور ڈگری کلاسز کے لئے کسی یونیورسٹی سے ملحقہ کالج شامل ہے؛

(د) ''کمیٹی'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت تشکیل کردہ کمیٹیاں ہیں؛

(ہ) ''امتحانات بورڈ'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت قائم کردہ پاکستان امتحانات بورڈ ہے؛

(و) ''ادارہ کا سربراہ'' سے مراد کسی کالج کا پرنسپل یا کسی اسکول کا ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس ہے؛

(ز) ''ہیڈ ماسٹر'' اور ''ہیڈ مسٹریس'' میں کسی اسکول کا پرنسپل شامل ہے؛

(ح) ''ادارہ'' سے مراد کوئی کالج یا کوئی اسکول ہے؛

(ط) ''انٹر میڈیٹ تعلیم'' سے مراد جماعت گیارہویں اور بارہویں کی تعلیم ہے؛

(ی) ''مجوزہ'' سے مراد ضوابط کے تحت مجوزہ ہے؛

(ک) ''صدر'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت مقرر کردہ بورڈ آف گورنرز کا صدر ہے؛

(ل) ''پرنسپل'' سے مراد کسی کالج کا سربراہ ہے؛

(م) ''الحاق شدہ'' سے مراد بورڈ امتحانات کی طرف سے الحاق شدہ ہے؛

(ن) ''اسکول'' سے مراد امتحانات بورڈ کے دائرہ اختیار کے اندر کوئی ادارہ ہے جو فقط ثانوی تعلیم یا اسکول کی سطح کی تعلیم دینے کے لیے اس کی طرف سے منسلک ہو یا رجسٹرڈ ہو یا تسلیم شدہ ہو؛

(س) ''ضوابط'' سے مراد ایکٹ ہذا کے تحت وضع کردہ ضوابط ہیں؛

(ع) ''ثانوی تعلیم'' سے مراد نویں جماعت اور دسویں جماعت اور دیگر ایسی جماعتوں جنہیں وفاقی حکومت ثانوی تعلیم کی جماعتیں قرار دے، سے متعلق تعلیم ہے؛ نیز

(ف) ''سیکرٹری'' سے مراد امتحانات بورڈ کا سیکرٹری ہے؛

۳۔ **امتحانات بورڈ کی تشکیل۔** (۱) بورڈ آف ڈائریکٹرز ایکٹ ہذا کے آغاز کے بعد جلد از جلد بورڈ امتحانات تشکیل دے گا جو پاکستان امتحانات بورڈ کے نام سے جانا جائے گا۔

(۲) امتحانات بورڈ ایک خود مختار ادارہ ہوگا جو دائمی جانشینی اور ایک مشترکہ مہر جس میں منقولہ اور غیر منقولہ دونوں جائیداد کے حصول، برقرار رکھنے اور تصرف کے اختیارات حاصل ہوں گے اور مذکورہ نام سے مقدمہ دائر کر سکے گا اور اس کے خلاف مقدمہ دائر ہو سکے گا۔

(۳) تمام پالیسی معاملات اور ذیلی دفعہ (۲) کے تحت تمام کارروائیاں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے مشروط ہوں گی۔

۴۔ **امتحانات بورڈ کے اختیارات وفرائض۔** (۱) ایکٹ ہذا کی دیگر تصریحات کے تابع، امتحانی بورڈ کو انٹر میڈیٹ، ثانوی یا کسی اسکول سطح کے امتحان کو منظم کرنے، منعقد کرنے، منضبط کرنے، تیار کرنے اور کنٹرول کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

(۲) خاص طور پر، مذکورہ بالا اختیارات کی عمومیت کو امتیاز برتے بغیر، امتحانی بورڈ کو حسب ذیل اختیار حاصل ہوگا:

(الف) امتحان کا انعقاد انگریزی، اردو اور ایسی دیگر زبانوں میں کرنا جیسے امتحانی بورڈ تجویز کرے؛

(ب) انٹر میڈیٹ کی تعلیم یا ثانوی تعلیم یا اسکول کی سطح پر کسی دوسرے امتحان کے حوالے سے امتحانات کا انعقاد کرنا؛

(ج) امتحانی بورڈ کی جانب سے منعقد ہونے والے امتحانات کے لیے تدریسی کورسز تجویز کرنا، بشرطیکہ امتحانی بورڈ مختلف طبقات کے اداروں کے لیے مختلف تدریسی کورسز تجویز کرے؛

(د) امیدواروں کو بورڈ کے امتحانات میں داخلہ دینا اور ایسے امتحانات میں داخلے کیلئے شرائط تجویز کرنا؛

(ہ) پاکستان میں یا پاکستان سے باہر اداروں سے الحاق کرنا؛

بشرطیکہ کسی سرکاری ادارہ کے معاملے میں، وفاقی حکومت/صوبائی حکومت کی پیشگی منظوری کے بغیر اس طرح کا الحاق روکا نہیں جائے گا۔

(و) غیر ملکی ایجنسیوں، پیشہ ورانہ اداروں یا باہر کے (کنٹرول) ذریعے پاکستان میں انٹر میڈیٹ اور ثانوی تعلیم یا کسی دوسرے سرٹیفکیٹ یا ڈپلومہ کی سطح کے امتحانات کا انعقاد کرنا، ان کو کنٹرول کرنا یا منضبط بنانا؛

(ز) شق (ط) کے تحت کیے گئے معائنہ کے بعد بورڈ اگر مطمئن ہو کہ کسی ادارے کا انتظام اور ہدایات کا معیار الحاق واپس لینے کا جواز پیش کر رہا ہو تو اس طرح کا الحاق ختم کرنا؛

(ح) ایسی فیس وصول کرنا اور مقرر کرنا جیسے مقرر کی گئی ہو؛

(ط) امتحانی بورڈ کی جانب سے الحاق شدہ اداروں یا الحاق کے لیے درخواست دینے والے اداروں کے نامزد کردہ فرد یا افراد کا ذریعے معائنہ کرنا؛

(ی) صحت، فارمیسی یا دیگر پیشہ وارانہ، منسلکہ صحت کے کورسز، بھرتی، انسانی وسائل اور تکنیکی تعلیم کے حوالے سے امتحانات لینا اور ان کا انعقاد کرنا؛

(ک) الحاق شدہ اور رجسٹرڈ اداروں کے طلبہ کی جسمانی اور اخلاقی بہبود کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کرنا، اور ان کی رہائش، صحت اور نظم و ضبط کی نگرانی کرنا؛

(ل) لیکچرز، عملی مظاہروں اور تعلیمی نمائشوں کا اہتمام کرنا اور ایسے دیگر اقدامات کرنا جو انٹرمیڈیٹ اور ثانوی تعلیم کے معیارات کو فروغ دینے کے لیے ضروری ہوں؛

(م) مقررہ شرائط کے تحت وظائف، تمغے اور انعامات کا آغاز کرنا اور طلبا کو دینا اور اسی ضمن میں ان شرائط جو کہ امتحانی بورڈ مناسب سمجھے، کے تحت اعانتیں قبول کرنا؛

(ن) درسی کتب یا دیگر کتب کے مطالعہ کا تعین کرنا اور ایسی درسی کتابوں یا دیگر کتب کی اشاعت کا انتظام کرنا؛

(س) طلباء، اساتذہ، ممتحن اور امتحان دینے والوں کی غلط روی کے لیے سزاؤں کے نفاذ کو منضبط بنانا؛

(ع) امتحانی بورڈ سے الحاق شدہ اداروں میں اساتذہ کی تقرری کے لیے اہلیت کا تعین کرنا؛

(ف) وفاقی حکومت کو کسی ایسے معاملے پر جس سے اس کا تعلق ہو یا وفاقی حکومت یا کسی صوبائی حکومت یا کسی تعلیمی ادارہ کی جانب سے مشورہ کے لیے بھیجے گئے معاملہ پر اپنی آرا پیش کرنا؛

(ص) ایکٹ ہذا اور ضوابط کے تحت اپنے اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے اور اپنے فرائض کی انجام دہی میں معاہدے کرنا اور انہیں عملی جامہ پہنانا؛

(ق) امتحانی بورڈ کے تحت تمام انتظامی معاملات بشمول اسامیوں کی تخلیق اور انہیں ختم کرنے کو منضبط بنانا اور فیصلہ کرنا؛

(ر) ایسے افسران اور عملہ جو وہ اپنے امور کی انجام دہی کیلئے ضروری سمجھے، کا تقرر کرنا اور ان کے فرائض اور ملازمت کی شرائط کا تعین کرنا؛

(ش) ایکٹ ہذا کی اغراض کو پورا کرنے کیلئے درکار عمارتوں، احاطوں، فرنیچر، آلات، کتابوں اور دیگر ذرائع کی فراہمی کا انتظام کرنا؛

(ت) اسناد کو قومی اور بین الاقوامی سطح تسلیم کئے جانے کو محفوظ بنانے کے لیے تمام افعال، امور اور کام سرانجام دینا؛

(ث) ایکٹ ہذا کی اغراض کی بجاآوری کیلئے ایسے اخراجات کی منظوری دینا یا خرچ کرنا جو کہ ضروری ہوں؛ نیز

(خ) ایکٹ ہذا کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے دیگر تمام ضروری کام کرنا؛

(۳) امتحانی بورڈ اپنا کوئی بھی اختیار چیئرمین پی ای بی یا امتحانی بورڈ کے کسی افسر یا اس کی طرف سے مقرر کردہ کمیٹی یا ذیلی کمیٹی کو دے سکتا ہے۔

(۴) چیئرمین امتحانی بورڈ اور امتحانی بورڈ کی انتظامیہ کی جانب سے پیش کی گئی پالیسیوں، منصوبوں، پروگراموں، منصوبوں اور اسکیم کے تمام معاملات اور اس کے اپنے امور میں عمومی ہدایت دینے کا اختیار بورڈ آف ڈائریکٹرز کے پاس ہوگا۔

۵۔ **امتحانی بورڈ کا دائرہ اختیار۔** (۱) امتحانی بورڈ پاکستان میں اور ایسی ریاستوں اور علاقہ جات جو کسی صوبہ کا حصہ نہ ہوں کے اداروں، بیرون ممالک میں پاکستانی مشنز یا پاکستان کے شہریوں کی جانب سے قائم کردہ اداروں اور وہ تمام دیگر تعلیمی ادارے جن کو پاکستان کے اندر بیرون ملک سے امتحانی بورڈ کے ساتھ الحاق اور رجسٹریشن مطلوب ہو اور ایسے ادارے جو کنٹونمنٹس ایکٹ، ۱۹۲۴ء (نمبر ۲ بابت ۱۹۲۴ء) کے تحت تشکیل کردہ کنٹونمنٹ بورڈ کے دائرہ اختیار کے اندر واقع ہوں جو امتحانی بورڈ کے ساتھ الحاق یا رجسٹریشن کروانا چاہتے ہوں کے حوالے سے ایکٹ ہذا کے ذریعے یا اس کے تحت مفوضہ اختیارات بروئے کار لائے گا۔

(۲) امتحانی بورڈ کی جانب سے جاری کردہ سرٹیفکیٹ یا ڈپلوموں کے لئے پاکستان میں کسی بورڈ، کمیشن یا ادارہ سے مساوی کی ضرورت نہیں ہوگی۔

۶۔ **بورڈ آف گورنرز کی ہیئت ترکیبی۔** (۱) بورڈ آف گورنرز بی او ڈی کی جانب سے بی او ڈی کے اراکین میں سے ایک کو نامزد کردہ صدر اور دیگر اراکین جس میں وزارت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کا نمائندہ جو کم از کم بی ایس۔ ۲۰ کے عہدہ کا حامل ہو پر مشتمل ہوگا جن کا تقرر بی او ڈی کی جانب سے متعین کردہ قیود و شرائط پر کیا جائے گا۔

مگر شرط یہ ہے کہ اراکین بلحاظ عہدہ وزارت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی جانب سے نامزد کئے جائیں گے۔

(۲) بی او ڈی کے امور کا مجموعی کنٹرول، ڈائریکشن اور نگرانی بورڈ آف ڈائریکٹرز کو تفویض ہوگی جو ایسے تمام اختیارات بروئے کار لا سکتا ہے تمام کارہائے منصبی اور تمام امور انجام دے سکتا ہے جو کہ بی او جی کی جانب سے استعمال، انجام یا کئے جا سکتے ہیں۔

۷۔ **بی او جی کے اختیارات و کارہائے منصبی۔** بی او جی ایکٹ ہذا کے تحت دیئے گئے مقاصد کی مؤثر طور پر بجاآوری کے لئے امتحانی بورڈ کے لئے پالیسی ہدایات اور عمومی رہنما اصول وضع کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ بالخصوص اور مذکورہ بالا پر اثر انداز ہوئے بغیر، بی او جی۔

(الف) امتحانی بورڈ کے امور کی نگرانی اور جائزہ لے گا؛

(ب) ایکٹ ہذا کے تحت قابل اطلاق پالیسی طریق کار کے مطابق امتحانی بورڈ کو رہنما اصول جاری کرے گا؛

(ح) ایکٹ ہذا کے تحت امتحانی بورڈ کے کارہائے منصبی کی مؤثر طور پر بجاآوری کو یقینی بنانے کے لئے مناب احتساب اور طریق ہائے کار کی نگرانی کرے گا؛

(د) امتحانی بورڈ کے بجٹ کی منظوری دے گا اور اس کے مؤثر استعمال کو یقینی بنائے گا؛

(ہ) پالیسی معاملات اور امتحانی شعبہ سے متعلقہ دیگر امور پر وفاقی اور صوبائی حکومتوں کو مشورہ اور سفارش کرے گا؛

(و) متعلقہ حکومتوں اور محکموں، ہیئت ہائے اور اس کے اداروں کے مابین ربط قائم کرے گا؛ اور

(ز) ایکٹ ہذا کے مقاصد کے لیئے اس سے منسلک دیگر افعال سرانجام دینا۔

۸۔ **بورڈ آف گورنرز کے اراکین۔** (۱) جب تک بورڈ آف ڈائریکٹرز عوامی مفاد میں ایسا کرنا ضروری ہو کسی رکن بلحاظ عہدہ کے علاوہ کسی رکن کو عہدے سے ہٹاتا ہے، اپنے انتخاب یا نامزدگی کی تاریخ سے تین سال کی مدت کے لیے عہدہ سنبھالے گا جیسی بھی صورت ہو۔

(۲) کوئی رکن بلحاظ عہدہ رکن نہیں رہے گا اگر وہ اس عہدے پر فائز رہنے کی وجہ سے اس عہدے پر فائز رہنا چھوڑ دیتا ہے جس پر اس کا تقرر کیا گیا تھا۔

(۳) کسی رکن کے دفتر میں کوئی بھی اتفاقی اسامی رکن بلحاظ عہدے کے علاوہ انتخاب یا نامزدگی کے ذریعے پر کی جائے گی جیسی بھی صورت ہو اور اس طرح منتخب یا نامزد کیا گیا شخص اپنے پیشرو کی مدت کے غیر معینہ عرصہ کے لیے عہدہ سنبھالے گا۔

(۴) بورڈ آف گورنرز کا کوئی بھی رکن صدر کے نام اپنے ہاتھ سے لکھ کر اپنے عہدے سے استعفیٰ دے سکتا ہے بشرطیکہ استعفیٰ اس وقت تک مؤثر نہیں ہو گا جب تک صدر کی طرف سے اسے قبول نہ کیا جائے۔

(۵) ایک رکن اپنے عہدے کی میعاد ختم ہونے پر دوبارہ انتخاب یا دوبارہ نامزدگی کا اہل ہو گا۔

۹۔ **بی او جی کا اجلاس۔** (۱) بی او جی کا اجلاس اس طریقے سے اور ایسے وقت پر ہوں گے جو کہ تجویز کئے گئے ہوں بشرطیکہ جب تک اس ضمن میں ضوابط نہیں بنائے جاتے صدر کی جانب سے بلائے جائیں گے اور اجلاس کا کورم کل اراکین کا ایک تہائی ہو گا۔

(۲) بی او جی کا کوئی عمل یا کارروائی محض ایسی بنیاد پر کالعدم نہیں ہو گی کہ اس میں خالی جگہ موجود ہو یا بی او جی کے آئین میں نقص ہو۔

(۳) صدر کی غیر موجودگی کی صورت میں صدر/بی او جی کا نامزد کردہ شخص اجلاس کی صدارت کرے گا۔

۱۰۔ **وفاقی حکومت کے اختیارات۔** (۱) وفاقی حکومت کو اختیارات ہو گا کہ وہ ایسے فرد یا افراد جن کو وہ ہدایت کے ذریعے دفاتر، سرگرمیوں اور امتحانی بورڈ کے ذریعے منعقد کردہ تمام امتحانات کا معائنہ کرے اور امتحانی بورڈ سے متعلق کسی معاملہ کی مجوزہ طریقہ کار کے مطابق انکوائری کرے۔

(۲) وفاقی حکومت امتحانی بورڈ کو اس طرح کے معائنے یا انکوائری کے نتائج سے آگاہ کرے گی اور امتحانی بورڈ کو مذکورہ عرصے میں مذکورہ کاروائیاں کرنے کا مشورہ دے سکتی ہے۔

(۳) امتحانی بورڈ ایسی اطلاع پر عمل میں لائی گئی یا مجوزہ کارروائی کے بارے میں وفاقی حکومت کو رپورٹ پیش کرے گا۔

(۴) اگر امتحانی بورڈ چھ ماہ کی مدت کے اندر وفاقی حکومت کی نظر میں اطمینان بخش کارروائی نہ کرے، تو وفاقی حکومت امتحانی بورڈ کی وضاحت پر غور کے بعد ایسی ہدایات جاری کر سکتی ہے جیسا کہ یہ موزوں خیال کرے اور چیئرمین ان ہدایات کی تعمیل کرے گا۔

۱۱۔ **امتحانی بورڈ کے افسران۔** پاکستان امتحانی بورڈ کے افسران حسب ذیل ہوں گے، یعنی:۔

(i) چیئرمین

(ii) سیکرٹری

(iii) بی او جی کی جانب سے تقرر کردہ دیگر افسران۔

۱۲۔ **چیئرمین کی تقرری، اختیارات اور فرائض منصبی۔** (۱) امتحانی بورڈ کے چیئرمین کا انتخاب بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مقرر کردہ قیود و شرائط پر کمپنی لاء کے تحت تشکیل کردہ پال میڈیکل اینڈ نرسنگ انسٹیٹیوٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے اکثریتی رائے سے کیا جائے گا، جبکہ ایکٹ ہذا کی اغراض کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹر سے مراد پال میڈیکل اینڈ نرسنگ انسٹیٹیوٹ (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا بورڈ آف ڈائریکٹرز ہے۔

(۲) چیئرمین تین سال کی مدت کے لیے عہدے پر فائز رہے گا لیکن دوبارہ تقرری کا اہل ہوگا:۔

مگر شرط یہ ہے کہ اپنے عہدے کی میعاد کے اختتام کے باوجود وہ اپنے جانشین کی تقرری اور عہدہ سنبھالنے تک عہدے پر کام کرتا رہے گا:۔

مزید شرط یہ ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز غلط روی، غیر موثر کارکردگی یا مالی بدعنوانی/خرد برد جیسے فعل کی بنیاد پر کسی بھی وقت مجوزہ طریق کار سے چیئرمین کو عہدے سے ہٹا سکتا ہے۔

(۳) اگر کسی بھی موقع پر چیئرمین کا عہدہ خالی ہو جائے یا چیئرمین رخصت پر جانے، کسی بیماری یا دیگر وجوہات کی بناء پر عارضی طور پر یا بصورت دیگر، زیادہ سے زیادہ ایک سال کی مدت کے لیے اپنے کارہائے منصبی کی انجام دہی سے قاصر ہو تو بی او ڈی چیئرمین کے فرائض منصبی کی انجام دہی کے لیے ایسے انتظامات کر سکے گا جیسا کہ یہ موزوں سمجھے اور ان انتظامات کے مکمل ہونے تک سیکرٹری چیئرمین کے فرائض ادا کرے گا۔

(۴) ایکٹ ہذا کی تصریحات اور ضوابط پر نیک نیتی سے عملدرآمد کو یقینی بنانا چیئرمین کا فرض ہوگا اور وہ اس مقصد کے لیے ضروری جملہ اختیارات استعمال کرے گا۔

(۵) امتحانی بورڈ کے انتظامی امور میں پیدا ہونے والی کسی ہنگامی صورت حال پر، جس پر چیئرمین کی رائے میں فوری کارروائی کرنے کی ضرورت ہو، چیئرمین ایسے اقدامات اٹھا سکتا ہے جیسا کہ وہ ضروری تصور کرے اور اس کارروائی کے بارے میں اس کی منظوری لینے کے لیے اسکے آئندہ اجلاس میں بورڈ آف گورنر کو رپورٹ کریں گے۔

(۶) چیئرمین ایسے دیگر اختیارات، جیسا کہ مجوز کیے گئے کو استعمال کرے گا۔

۱۳۔ **سیکرٹری کی تقرری، اختیارات و فرائض منصبی۔** (۱) بورڈ آف ڈائریکٹر کی جانب سے ایسی شرائط و قیود اور ایسی مدت جیسا کہ مجوز کی گئی ہو، پر سیکرٹری کی تقرری کی جائے گی۔

(۲) سیکرٹری، چیئرمین کے کنٹرول کے تابع، امتحانی بورڈ کا چیف ایڈمنسٹریٹو افسر ہوگا جو اس کو یقینی بنانے کے لیے ذمہ دار ہوگا کہ بورڈ آف گورنرز اور چیئرمین کے احکامات کی پیروی کی جائے اور امتحانی بورڈ کے اور اس کے ایماء پر جملہ معاہدات پر عمل درآمد کیا جائے گا۔

(۳) سیکرٹری اس کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہو گا کہ جملہ رقوم ان اغراض پر خرچ ہوں جس کے لیے ان کی منظوری دی گئی یا تخصیص کی گئی ہو اور سالانہ کھاتوں کے گوشوارے اور بجٹ تخمینہ جات کی منظوری کے لیے تیار کریں گے اور بورڈ آف گورنرز کو جمع کرائیں گے۔

(۴) سیکرٹری ایسے دیگر اختیارات جیسا کہ مجوزکیے گئے ہوں، استعمال کریں گے۔

۱۴۔ **کمیٹیوں کی تقرری اور تشکیل۔** (۱) امتحانی بورڈ کورسز کی کمیٹیاں، ایک فنانس کمیٹی اور ایسی دیگر کمیٹیاں جیسا کہ اسکے امور کی مناسب طور پر سرانجام دینے کے لیے ضروری تصور ہو، کی تقرری کرے گا۔

(۲) ہر کمیٹی امتحانی بورڈ کے اراکین اور ایسے دیگر افراد، اگر کوئی ہو، جیسا کہ امتحانی بورڈ ہر کیس میں، تقرری کے لیے مناسب تصور کرے، پر مشتمل ہو گی۔

(۳) کمیٹی، چیئرمین کی منظوری کے تابع افراد کو شامل کر سکتی ہے اگر کمیٹی کو مناسب فیصلے کے لیے اسکی ضرورت ہو۔

(۴) ذیلی دفعہ (۳) کے تحت شریک کمیٹی کے رکن کی مدت ملازمت شریک کمیٹی کی تاریخ سے ایک سال ہو گی۔

مگر شرط یہ ہے کہ کوئی شریک فرد اپنی استعداد میں کسی مخصوص ادارے کے رکن کے طور پر یا کسی مخصوص عہدے دار کے طور پر صرف اتنے ہی مدت کے لیے جب تک کے اس ادارے کا رکن ہو یا اس عہدے پر فائز ہو، جیسی بھی صورت ہو، عہدہ سنبھالے گا۔

**۱۵۔ فنڈ۔** امتحانی بورڈ کا ایک فنڈ ہو گا جس میں امتحانی بورڈ کی تمام آمدنی بشمول فیس، اوقاف، گرانٹس اور چندے سے حاصل ہونے والی آمدنی جمع کی جائے گی۔

۱۶۔ **سالانہ پڑتال اور حسابات۔** (۱) بورڈ کے کھاتوں کو اس شکل اور انداز میں برقرار رکھا جائے گا جس کا تعین بورڈ آف گورنرز کرے گا اور ہر سال امتحانی بورڈ کے مالی سال کے اختتام کے چھ ماہ کے اندر بورڈ کی جانب سے مقرر کردہ ایک آزاد چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ کے ذریعے اس کا آڈٹ کرایا جائے گا۔

(۲) آڈیٹر کی رپورٹ اس امر کی تصدیق کرے گی کہ آڈیٹر نے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس پاکستان کے مقرر کردہ آڈٹ اور سرٹیفیکیشن کے معیارات کی تعمیل کی ہے۔

۱۷۔ **بین الاقوامی تعاون۔** امتحانی بورڈ کسی غیر ملکی بورڈ یا ادارے یا کسی بین الاقوامی تنظیم یا ادارے کی جانب سے درخواست موصول ہونے پر توثیق، تصدیق یا امتحان کے انعقاد، اسناد، ڈپلوموں کے اجراء یا اس سے متعلقہ معاملات کے ضمن میں مفاہمت کی یادداشت پر دستخط کر سکتا ہے۔

۱۸۔ **بورڈ کے ضوابط وضع کرنے کے اختیارات۔** (۱) بی او جی سابقہ بی او جی کی منظوری سے ایکٹ ہذا کے مقاصد کے حصول کے لئے ضوابط وضع کر سکتا ہے۔

(۲) خاص طور پر، اور درج ذیل اختیارات کی عمومیت کے ساتھ بغیر تعصب کے، ضوابط درج ذیل تمام یا کسی ایک معاملے کے لیے تصریح کر سکتا ہے، یعنی:۔

(الف) بورڈ اور کمیٹیوں کے اجلاسوں کے انعقاد کا طریقہ کار اور کورم وضع کرنے کے لئے درکار اراکین کی تعداد؛

(ب) امتحان، کا انعقاد، بشمول ممتحن کی تقرری اور ان کے فرائض، اختیارات اور معاوضے؛

(ج) امتحان، اندراج اور مارکنگ وغیرہ کے سلسلے میں شکایات کے ازالے اور اپیل کا طریقہ کار؛

(د) امتحانی بورڈ کی جانب سے منعقد ہونے والے امتحانات میں امیدواروں کے داخلے کی شرائط اور ڈپلومہ سرٹیفیکیشن اور عنوانات کے لئے ان کی اہلیت؛

(ہ) اداروں سے الحاق اور الحاق سے دستبرداری کی شرائط؛

(و) انٹرمیڈیٹ یا سیکنڈری ایجوکیشن یا امتحانی بورڈ کی جانب سے منعقد کردہ دیگر امتحانات کی تعلیم فراہم کرنے والے اداروں میں تعلیمی نصاب کی پیروی کی جائے گی؛

(ز) وظائف اور انعامات دینے کا آغاز کرنا؛

(ح) بورڈ اور اسکی کمیٹیوں کے اراکین کا انتخاب اور نامزدگی؛

(ط) کمیٹیوں کی تشکیل، اختیارات اور فرائض؛

(ی) امتحانی بورڈ کے ملازمین کی تقرری اور اُن کی ملازمت کی شرائط؛

(ک) امتحانی بورڈ کے ملازمین کے فائدے کے لیے پراویڈنٹ فنڈ کی تشکیل؛ اور

(ل) اپنے دیگر امور جو ایکٹ ہذا کی تصریحات کو موثر بہ عمل بنانے کے لیے ضروری ہوں۔

۱۹- **ایکٹ ہذا دیگر قوانین کو منسوخ کردے گا۔** فی الوقت نافذ العمل کسی دیگر قانون میں اس کے برعکس کوئی چیز موجود ہونے کے باوجود ایکٹ ہذا کی تصریحات موثر بہ عمل ہوں گی اور ایکٹ ہذا کے آغاز نفاذ پر ایسا کوئی بھی قانون عدم مطابقت کی حد تک موثر بہ عمل نہیں رہے گا۔

۲۰- **پراویڈنٹ فنڈ۔** (۱) امتحانی بورڈ اپنے ملازمین کے فائدے کے لیے پراویڈنٹ فنڈ ایکٹ، ۱۹۲۵ء (نمبر ۱۹ بابت ۱۹۲۶ء) کی تصریحات کے مطابق پراویڈنٹ فنڈ تشکیل دے سکتا ہے۔

(۲) امتحانی بورڈ کے ملازمین کی تنخواہ اور معاوضے کا تعین مقررہ قیود و شرائط کے مطابق ہوگا۔

۲۱- **استثنا۔** کسی بھی شخص کے خلاف کسی ایسے کام کی وجہ سے کوئی مقدمہ، استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائیاں نہیں کی جائیں گی جو کہ ایکٹ ہذا یا اسکے تحت بنائے گئے ضوابط کے تحت نیک نیتی سے کیا گیا ہو یا کرنے کا ارادہ ہو۔

۲۲- **ازالہ مشکلات۔** اگر ایکٹ ہذا کی کسی تصریح کی تشریح سے متعلق کوئی سوال پیدا ہوتا ہے تو اسے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے سامنے رکھا جائے گا، جس کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

## بیان اغراض ووجوہ

چونکہ یہ ضروری ہے کہ پاکستان امتحانی بورڈ (پی ای بی) کے نام سے ایک امتحانی بورڈ قائم کیا جائے جس کا دائرہ اختیار پاکستان امتحانی بورڈ سے منسلک، رجسٹرڈ اور تسلیم شدہ ایسے تمام اسکولوں اور کالجوں پر ہو گا جو پاکستان میں واقع ہوں یا بیرون ملک سفارتخانوں کے ذریعے قائم کئے گئے ہوں یا بیرونی ممالک میں مقیم پاکستانی شہریوں نے ان کو قائم کیا ہو اور کنٹونمنٹ بورڈز کے دائرہ اختیار میں واقع ایسے ادارے جو بورڈ کی منظوری چاہتے ہوں۔ اس بل کا مقصد بین الاقوامی معیار کا ایک بورڈ قائم کرنا ہے جو بین الاقوامی معیار کی طرز پر امتحانات کرانے کا اہتمام و انعقاد کرے اور جہاں کہیں سرٹیفکیٹ یا ڈپلومہ وغیرہ کی مساوی اسناد کا معاملہ در پیش ہو گا تو مذکورہ امتحانی بورڈ کے ذریعے جاری کردہ سرٹیفکیٹ یا ڈپلومہ کو دنیا بھر میں تسلیم کیا جائے گا۔

تاکہ پیشہ ورانہ کالجوں کے داخلہ ٹیسٹ کی ضروریات کے مطابق امتحانی معیارات مرتب کئے جائیں اور مزید پیشہ ورانہ ڈگری پروگرام کے لئے قابلیت جانچنے کے ٹیسٹ تیار کئے جائیں۔

اس بورڈ کا مقصد ملک کے اندر بین الاقوامی معیار کے امتحانات کا اہتمام کرنا ہے کیونکہ ہر سال غیر ملکی منسلک اداروں کے امتحانات یا قابلیت جانچنے کے امتحان میں مقامی طلبہ کی بڑی تعداد شامل ہوتی ہے جس پر ملک کا کثیر زر مبادلہ خرچ ہوتا ہے لہذا ملک سے بیرون ملک رقم کے بہاؤ کو روک کر زر مبادلہ کے ذخائر کو بچانا اس بورڈ کے قیام کا مقصد ہے۔

۲۔ اس بل کو مذکورہ بالا مقصد کے حصول کیلئے تیار کیا گیا ہے۔

دستخط/۔
رانا محمد قاسم نون،
رکن، قومی اسمبلی،
رکن انچارج